پانی بچائیے ۔آئندہ نسلوں کیلئے۔عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کا آگاہی پروگرام

(پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے ڈائریکٹر تعلقاتِ عامہ شکیل دہلوی کہا ہے کہ ٹرسٹ جہاں غریب و نادار افراد کی دادرسی کیلئے فلاحی وسماجی خدمات انجام دے رہا ہے وہیں معاشرے کے چیدہ چیدہ اور اہم مسائل ومعاملات پر توجہ مبذول کرانے کیلئے آگاہی مہم بھی چلاتا رہتا ہے۔اس سلسلے میں پچھلے چند سالوں میں ایسے معاملات کا انتخاب کیا گیا ہے جو عوام الناس کے مفاد اور خلقِ خدا کی بہتری میں کارآمد ثابت ہوئے ہیں۔ان مہمات میں " آخرت سنوائیے" نماز باجماعت ادا کیجئے" اور "ٹریفک قوانین کی پابندی" وغیرہ شامل تھیں۔

ان آگاہی مہمات یا پبلک سروس پیغامات کے ذریعے زندگی کے ان پہلوؤں پر، جنکی جانب سے توجہ ہٹ چکی تھی یا وہ یکسر نظر انداز ہو چکے تھے، ایک بار پھر عمل درآمد شروع ہوگیا۔وطن عزیز میں جاری توانائی کے بحران اور دیگر مسائل کے پیشِ نظر، جن کا اصل شاخسانہ دراصل پانی کی قلت ہے، عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ اِمسال اپنے آگاہی پروگرام کے ذریعے پانی بچانے کی ترغیب دے رہا ہے۔موجودہ صورتحال جس میں پانی کی قلت شدید سے شدید تر ہوتی جارہی ہے موجودہ نسلوں کا آئندہ آنے والی نسلوں کے لئے پانی کا کفایت شعاری سے استعمال ازحد ضروری ہے۔اس سلسلے میں بینرز، اشتہارات، ہینڈ بلز اور ویب سائٹ کے ذریعے اس اہم مسئلہ کی طرف لوگوں کی توجہ دلائی جائے گی۔اس کے ساتھ ہی شہری علاقوں میں پانی کے ضیاع کے سدباب کے بارے میں بھی عوام الناس کو آگاہ کیا جارہا ہے۔خصوصاً واش بیسن فلش ٹینک، شاور اور کموڈ کے استعمال کے وقت پانی احتیاط سے خرچ کیا جائے۔پاکستان کے آبی ذخائر میں تیزی سے ہونے والی کمی کے تناظر میں اس وقت ہم سب کا قومی ومذہبی فریضہ ہے کہ پانی کے استعمال میں ہر ممکن احتیاط سے کام لیا جائے تاکہ صاف وشفاف پانی کا یہ قدرتی تحفہ اپنی آئندہ آنے والی نسلوں تک منتقل کیا جاسکے۔شکیل دہلوی نے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے گزارش کی ہے کہ وہ اس مہم میں بھرپور تعاون کریں۔

#